PAPER CODE - 5027

1st Annual 2024 نہم کلاس

اردو لازمی — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا — کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

DGK-1-24

1۔ " بلبلا " کی مؤنث ہے

(A) بلبلی (B) بلبلی (C) بلبلن (D) بلبلاں

2۔ " غذا " کی جمع ہے

(A) اغذا (B) اغذان (C) اغذیہ (D) غذائم

3۔ " قلب " کی جمع ہے

(A) اقلاب (B) قلوب (C) قلیب (D) قلائب

4۔ مروّت اور لحاظ کس کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا

(A) حالی (B) غالب (C) ذوق (D) درد

5۔ میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے

(A) میر درد (B) مرزا غالب (C) ابراہیم ذوق (D) خواجہ باسط

6۔ جائے نماز پر بیٹھی بوڑھی عورت کا لڑکوں سے کیا رشتہ تھا ؟

(A) پھوپھی (B) خالہ (C) نانی (D) دادی

7۔ ریٹھے کون کوٹ رہا تھا ؟

(A) مالک (B) نوکر (C) ملازم (D) خادم

8۔ دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے پیشانی کا پسینا کون پونچھتا تھا ؟

(A) اختر (B) نیازی (C) تجمل (D) رؤف

9۔ خاصا شاہانہ طول و عرض کسے بخشا گیا تھا ؟

(A) گھر کو (B) دوکان کو (C) بنگلے کو (D) دفتر کو

10۔ " ستھن تے کڑیاں پا ؤندیاں نیں " کس نے کہا تھا ؟

(A) سلیم نے (B) علی بخش نے (C) ماسٹر جی نے (D) ابا نے

11۔ " دو عشقیہ دیوان " کس شاعر کی تصنیف ہے ؟

(A) مولانا حالی (B) امیر مینائی (C) نظیر اکبر آبادی (D) علامہ محمد اقبال

12۔ شعر میں ہم آواز الفاظ کو کہتے ہیں

(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

13۔ شاعر کس کو " عالم ناپائیدار " کہتا ہے ؟

(A) آخرت کو (B) دنیا کو (C) دل کو (D) بادشاہی کو

14۔ " خان " کی مؤنث ہے

(A) خانی (B) خنائن (C) خانم (D) خنوم

15۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں مترادف کی درست فہرست ہے

(A) عسرت ۔ تنگی (B) محبت ۔ نحوست (C) رغبت ۔ ذلت (D) اجر ۔ سزا

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

اردو لازمی — حصہ انشائیہ — وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : پہلا — کل نمبر=60

DG 12-1-24

## حصہ اول

سوالنمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰

### حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(الف) تیری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(ب) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(ج) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو — نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

(د) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط ان کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا

### حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(الف) عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(ب) ہم کو ان سے وفا کی ہے امید — جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

(ج) رہی سبز بے فکرِ کِشتِ سخن — نہ جوتا کیا میں، نہ بویا کیا

## حصہ دوم

سوالنمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے ۵+۵ = ۱۰

(الف) سمجھو نے نیا بیل پایا تو پاؤں پھیلائے، دن میں تین تین چار چار کھیوے کرتے۔ نہ چارے کی فکر تھی، نہ پانی کی، بس کھیووں سے کام تھا۔ منڈی لے گئے، وہاں کچھ سوکھا بھس ڈال دیا اور غریب جانور ابھی دم بھی نہ لینے پاتا تھا کہ پھر جوت دیا۔

(ب) تم دنیا سے الگ تھلگ رہ کر مصوری کرتے رہتے ہو۔ تمھیں معلوم نہیں لوگ اس قسم کے واقعے پر کیا کچھ کرتے ہیں۔ سب کہیں گے ایک غریب اور قلاش مصور کو جھونپڑی میں سے نکال کر لایا۔ دکھاوے کے لیے اور پھر اسے واپس بھیج دیا، کیا یہ میری توہین نہیں ہے ؟

سوالنمبر۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۱۰

(1) وضع دار وحشی کس طرح بدسلیقہ وحشی سے مختلف ہے ؟
(2) حمد میں شاعر نے اللہ رب العزت کی کن صفات کا ذکر کیا ہے ؟
(3) حالی کے اسلوب بیان کی دو نمایاں خوبیاں کون کون سی ہیں ؟
(4) شاعر کس شعر میں تخلص استعمال کرتا ہے ؟
(5) ٹیپ کا مصرع کسے کہتے ہیں ؟
(6) کس وجہ سے میر کا کلام آہ ہے اور سودا کا کلام واہ ؟
(7) "شاعروں کے لطیفے" میں جرات نے پڑھ دیا "اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی" تو سید انشاء نے فوراً کیا کہا ؟
(8) "سو دن چور کے تو ایک دن شاہ کا" سے کیا مراد ہے ؟

سوالنمبر۵۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے (i) کاہلی (ii) امتحان ۵

سوالنمبر۶۔ نصاب میں شامل نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۵

سوالنمبر۷۔ اپنے ہیڈ ماسٹر / پرنسپل صاحب کے نام حصول سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست تحریر کیجیے ۱۰

**یا** اپنے ناراض دوست کو منانے کے لیے اسے خط لکھیے

سوالنمبر۸۔ کپڑوں کی سلائی کے موضوع پر "گاہک اور درزی" کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے **یا** "ہرنی کی دعا" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے ۵

سوالنمبر۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے ۵

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے (ii) میں نے اکرم دیکھا (iii) اس نے کمر کو باندھا
(iv) سامان مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے (v) سات چاند لگانا

**یا** درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے

(i) طویلے کی بلا ...... (ii) ماروں گھٹنا ...... (iii) یہاں کا باوا آدم ...... (iv) تخم تاثیر ...... (v) حساب جو جو ......

D

PAPER CODE - 5028

1st Annual 2024 نہم کلاس

اردو لازمی

حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا

کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ دیئے گئے الفاظ میں کون سا لفظ جمع ہے ؟
(A) مراثی (B) ندیم (C) معاصر (D) لیل

2۔ لفظ " وسوسہ " کی جمع ہے
(A) وسوس (B) وساوس (C) وساطت (D) وساس

3۔ اس کی پلکوں پر ستارے چمک رہے ہیں
(A) کنایہ (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) مجاز مرسل

4۔ کس نے قلعے سے دیکھا اور قرائن سے پہچان کر پکارا " اہل عرب تم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آگیا "
(A) ایک عیسائی نے (B) ایک یہودی نے (C) ایک نصرانی نے (D) ایک مجوسی نے

5۔ مولانا حالی نے مرزا غالب کو حیوان ظریف کہا کیونکہ مرزا کے مزاج میں ظرافت تھی
(A) بہت زیادہ (B) بہت کم (C) معمولی (D) خفیف

6۔ اگر انگریزوں کو بھی کوشش اور محنت کا شوق نہ رہے تو وہ بھی بہت جلد .................. کی حالت کو پہنچ جاویں گے
(A) حیوانیت (B) حیوانی خصلت (C) وحشت پنے (D) حیوان صفت

7۔ مولانا محمد حسین آزاد نے اپنے استاد ............... کا دیوان بھی مرتب کیا
(A) مرزا اسداللہ خان غالب (B) داغ دہلوی (C) مولانا الطاف حسین حالی (D) ابراہیم ذوق

8۔ اردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں ؟
(A) احمد ندیم قاسمی (B) منشی پریم چند (C) ڈپٹی نذیر احمد دہلوی (D) مولانا الطاف حسین حالی

9۔ الگو نے پہلا نام کس کا سنا کہ کلیجہ دھک سے ہو گیا ؟
(A) رام دھن کا (B) جمن کا (C) گودڑ شاہ کا (D) جھوکا

10۔ صاحب زادے نے نغمہ سرائی نہ فرمائی تو دنیا کسی بہت بڑی ............ سے محروم نہ ہو جائے گی
(A) سعادت (B) شرافت (C) عظمت (D) نعمت

11۔ غرض تشبیہ سے مراد ہے
(A) مقصد (B) واسطہ (C) رابطہ (D) گویا

12۔ نظم نعت میں شاعر کی حرمت اور آبرو ہے
(A) در پر جینے کی (B) گفتگو کرنے کی (C) راہ میں مر کر خاک ہونے کی (D) وطن پر مٹنے کی

13۔ لفظ " محبت " کا متضاد ہے
(A) اخوت (B) نفرت (C) چاہت (D) راحت

14۔ لفظ " خان " کی مؤنث ہے
(A) خانگی (B) خانی (C) خواندہ (D) خانم

15۔ ان میں کون سا لفظ مؤنث ہے
(A) ہفتہ (B) اتوار (C) پیر (D) جمعرات

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

اردو لازمی — حصہ انشائیہ — وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : دوسرا — حصہ اول — کل نمبر=60

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰

DGK-2-24

## حصّہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(الف) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو ناآشنا ہے قاعدہ روزگار سے

(ب) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت تیتر پکارتے ہیں سبحان تیری قدرت

(ج) سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(د) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

## حصّہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(الف) عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(ب) جان تم پر نثار کرتا ہوں میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

(ج) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

## حصہ دوم

سوال نمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے ۵+۵ = ۱۰

(الف) ہم قبول کرتے ہیں کہ ہندوستان میں ہندوستانیوں کے لیے ایسے کام بہت کم ہیں، جن میں ان کو قوائے دلی اور قوت عقلی کو کام میں لانے کا موقع ملے اور برخلاف اس کے اور ولایتوں میں اور خصوصاً انگلستان میں، وہاں کے لوگوں کے لیے ایسے موقعے بہت ہیں۔

(ب) مجھے محسوس ہوا جیسے میری اہلیتوں پر برف کی تہ جم گئی۔ میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجئے ۱۰

(1) روزگار کی تلاش میں بنارس جانے سے روکنے کے لیے خواجہ حیدر علی آتش نے اپنے شاگرد کو کیسے سمجھایا ؟

(2) شامل نصاب سبق میں "نصوح" اور "بیدارا" دو کرداروں کے نام ہیں۔ ان کے اسم بامسمّٰی ہونے کی وجہ بیان کیجئے

(3) "شیخ جعفراتی دعا اور فیض کے مقابلے میں تازیانے کے زیادہ قائل تھے اور جمن پر اس کا بے دریغ استعمال کرتے تھے" جملے کی وضاحت کیجئے

(4) کرنل محمد خاں کے بیٹے سلیم اور ملازم علی بخش کے درمیان کیا تنازع تھا اور وہ کیسے ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے ؟

(5) اختر کے نزدیک تجمل کس طرح نیازی کا قاتل تھا ؟ (6) بقول حالی گدا کس وجہ سے خلعت سلطانی کو ٹھکراتا ہے ؟

(7) امت مسلمہ کس طرح شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہوسکتی ہے ؟ (8) انسان کی عمرِ دراز کے چار دن کیسے کٹتے ہیں ؟

سوال نمبر۵۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے (i) پنچایت (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور ۵

سوال نمبر۶۔ نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۵

سوال نمبر۷۔ ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کے لیے درخواست لکھیے ۱۰

یا اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے اچھی صحبت اختیار کرنے کے لیے نصیحت کیجئے

سوال نمبر۸۔ "جھوٹ کی سزا" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے یا "مریض اور ڈاکٹر کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجئے ۵

سوال نمبر۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے ۵

(i) کمر کو باندھا (ii) شہریار نے بکریوں کو مارے (iii) مدثر کو قرآن پاک پڑھا

(iv) پانی میں گیس لگاتا (v) فوج نے حملہ کیے

یا درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے

(i) نو نقد ...... (ii) ہاتھی کے دانت ...... کھانے کے اور (iii) جو گرجتے ہیں ...... (iv) اندھوں میں ..... (v) ایک انار ......

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

PAPER CODE - 5025

1st ANNUAL 2023 نہم کلاس

(حصہ معروضی)

اردو لازمی

وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا

کل نمبر= 15

DGK-1-23

سوال نمبر: 1 ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1 مناظر فطرت، موسموں اور تہواروں پر نظم نگاری کرنے والے شاعر ہیں۔
(A) نظیر اکبر آبادی (B) الطاف حسین حالی (C) حیدر علی آتش (D) علامہ محمد اقبالؒ

2 دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے آخر اس درد کی دوا کیا ہے
اس شعر کے قوافی ہیں
(A) ہوا ، دوا (B) کیا، کیا (C) کیا ہے (D) ہوا کیا ہے ، دوا کیا ہے

3 " طریقہ " کی جمع ہے۔
(A) طراق (B) طرق (C) طرقو (D) مطرقہ

4 " فتح " کی جمع ہے۔
(A) فتوحات (B) مفاتح (C) مفاتیح (D) فتوح

5 " حلوائی " کی مؤنث ہے۔
(A) حلوی (B) حلاوت (C) حلاون (D) حلوائن

6 " قرب " کا متضاد ہے۔
(A) تقرب (B) قرابت (C) بُعد (D) اقرباء

7 " تیرگی " کا مترادف ہے۔
(A) تیراکی (B) ظلمت (C) پیراکی (D) تابش

8 شب ہجرت کی صبح حضور اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے پلنگ پر قریش نے کس کو دیکھا؟
(A) حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (B) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (C) حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ (D) حضرت امیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

9 قوم کی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے۔
(A) کاہلی چھوڑ کر (B) فکرمندی چھوڑ کر (C) خوش و خرم رہ کر (D) پریشان رہ کر

10 " مراۃ العروس" ، "فسانہ مبتلا" اور " ابن الوقت " جیسے ناولوں کے خالق کون ہیں؟
(A) مولانا محمد حسین آزاد (B) ڈپٹی نذیر احمد دہلوی (C) منشی پریم چند (D) سید امتیاز علی تاج

11 نصوح کے مطابق شطرنج کھیلنے میں کون اکثر گھبرایا کرتا ہے؟
(A) مبتدی (B) چور (C) جھوٹا (D) نالائق

12 میاں ڈاکٹر کی ہدایت کے باوجود گھر رہنے کی بجائے دفتر کیوں جا رہے تھے؟
(A) ملازمت کے لیے (B) دوبارہ چھٹی لینے کے لیے (C) آرام و سکون کے لیے (D) استعفیٰ دینے کے لیے

13 کس کی بنائی ہوئی تصویر اوّل انعام کی مستحق قرار پائی تھی؟
(A) تجمل کی (B) نیازی کی (C) اختر کی (D) رؤف کی

14 قفل میں بند دودھ پی جانے کا راز صرف ---- تک محدود ہے۔
(A) چوروں (B) شیر خواروں (C) کتوں (D) بلیوں

15 شاعر کے مطابق طوطی و بلبل کی باتوں میں کس کا تذکرہ ہے؟
(A) محبوب کا (B) اللہ کا (C) حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کا (D) پھولوں کا

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

وقت = 2 گھنٹے 10منٹ
کل نمبر= 60

حصہ انشائیہ

(حصہ اوّل) DGK-1-23

بی.
پ : پہلا

سوال نمبر:2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔(تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) 5x2=10

(حصہ نظم تین اشعار کی تشریح)

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم | کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کُھلا تیرا |
| (ب) | تیری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر | یہی میری حُرمت ، یہی آبرو ہے |
| (ج) | سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی | یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی ! |
| (د) | جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور | رخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے |

(حصہ غزل دو اشعار کی تشریح)

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں | حالت اب اضطراب کی سی ہے |
| (ب) | ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار | قلم اپنا موتی پرویا کیا |
| (ج) | جان تم پر نثار کرتا ہوں | میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے |

(حصہ دوم)

سوال نمبر: 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیئے۔ 5+5=10

(الف) جو خطوط انہوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں، اُن کے ایک ایک حرف سے مہر ومحبت ، غم خواری و یگانگت ٹپکی پڑتی ہے۔ ہر ایک خط کا جواب لکھنا اپنے ذمے فرضِ عین سمجھتے تھے۔ اُن کا بہت سا وقت دوستوں کو جواب لکھنے میں صرف ہوتا تھا۔

(ب) خیر آمدم بر سرِ مطلب ، پونے دس بجے گھنٹی بجی اور ہم بسم اللہ کہہ کر امتحان کے کمرے میں داخل ہوئے۔ یہاں ایک بہت خلیق اور ہنس مکھ نگرانِ کار تھے۔ مجھے جگہ نہیں ملتی تھی۔ مَیں نے اُن سے کہا وہ میرے ساتھ ہو لیے۔ جگہ بتائی اور بڑی دیر تک ہنس ہنس کر باتیں کرتے رہے۔ مَیں سمجھا چلو بیڑا پار ہے۔

سوال نمبر: 4 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 5x2=10

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | رسول پاک خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے حضرت علیؓ سے کیا ارشاد فرمایا؟ | 2 | صاحب عالم کی زبان سے اس وقت کیا نکلا جب حکیم احسن اللہ خان نے جلدی سے اُن کے آنے اور جانے پر اظہار تعجب کیا؟ |
| 3 | سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟ | 4 | سبق امتحان میں مضمون نگار کو کن دو وجوہات سے کامیابی کی اُمید تھی؟ |
| 5 | بلی کتنے عرصے میں سدھائی جاسکتی ہے اور اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟ | 6 | ٹیپ کا مصرعہ کسے کہتے ہیں؟ |
| 7 | ہمیں کس چیز سے سبق اندوز ہونا چاہیے؟ | 8 | غالب نے مقطع میں محبوب کو اپنی کیا قیمت بتائی ہے؟ |

سوال نمبر: 5 درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

(الف) ہجرت نبوی ﷺ (ب) امتحان

سوال نمبر: 6 نظم " پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ " کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیئے۔ 5

سوال نمبر: 7 اپنے دوست کے نام خط لکھیئے جس میں جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف کی مذمت کیجئے۔ 10

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیئے۔

سوال نمبر: 8 " جس کا کام اسی کو ساجے " کے عنوان سے کہانی لکھیئے۔ 5

یا

" دو ہم جماعت کے درمیان " پڑھائی پر مکالمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر: 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ 5

(i) عورتوں نے کہا ہم کہانی سناتی ہیں (ii) اذان اور ایمان دونوں آگئی (iii) فوج نے حملہ کیے (iv) جی نے چاہا تو کرکٹ کھیلوں گا
(v) مبشر نے قرآن کو پڑھا ہوگا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

(i) تخم تاثیر ---- (ii) بلی کے بھاگوں ---- (iii) ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں، ناؤ کاغذ کی ---- (iv) نو سو چوہے کھا کے بلی ---- (v) الٹے بانس ----

www.pakcity.org



12

PAPER CODE - 5022

1st ANNUAL 2023 نہم کلاس

اردو لازمی (حصہ معروضی) وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا کل نمبر = 15

DGK-2-23

سوال نمبر: 1 ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1 | 1887ء میں کس سرکار نے الطاف حسین حالی کا وظیفہ مقرر کیا؟<br>(A) لکھنؤ (B) حیدر آباد (C) بجنور (D) بنگال |
| 2 | دیوان کی جمع ہے۔<br>(A) دیوانان (B) دیوانات (C) دیوانے (D) دواوین |
| 3 | کس نے کہا " جب خدا وہاں یہاں ایک ہے تو پھر ہمیں چھوڑتے ہو؟ "<br>(A) مرزا غالب (B) امام بخش (C) حیدر علی آتش (D) میر تقی میر |
| 4 | اکثر کون گھبرایا کرتا ہے؟<br>(A) مبتدی (B) چور (C) نالائق (D) جھوٹا |
| 5 | ادیان کی واحد ہے۔<br>(A) دینو (B) دنیا (C) دین (D) دینیات |
| 6 | کس کا رنگ بیاں سب سے جدا ہے؟<br>(A) امیر مینائی (B) الطاف حسین حالی (C) نظیر اکبر آبادی (D) حیدر علی آتش |
| 7 | چوزے کی یخنی بنوائے دیتی ہوں ــــــ چیز ہے۔<br>(A) مقوی (B) مائع (C) ٹھوس (D) نرم و گرم |
| 8 | اللہ کا گدا مگن رہتا ہے۔<br>(A) سکون میں (B) دنیا میں (C) سیر میں (D) محفل میں |
| 9 | نندوئی کی مؤنث ہے۔<br>(A) ندیا (B) نواسی (C) نند (D) نندائن |
| 10 | درویش کی صدا کیا ہے؟<br>(A) بھلا کر ترا بھلا ہوگا (B) انت بھلا سو بھلا (C) اللہ کے نام پر دو بابا (D) سب کا بھلا |
| 11 | تیرگی کا مترادف نہیں ہے۔<br>(A) ظلمت (B) اجالا (C) اندھیرا (D) تاریکی |
| 12 | شہدائے پشاور کا مسکن ہے۔<br>(A) ہر آنکھ (B) ہر گھر (C) ہر شہر (D) ہر دل |
| 13 | مضمون نگار نے امتحان دیا تو کتنے مضامین میں فیل ہو گیا؟<br>(A) ایک مضمون (B) دو مضامین (C) جملہ مضامین (D) تین مضامین |
| 14 | بلبل ایک پرندہ ہے۔<br>(A) پالتو (B) روایتی (C) گھریلو (D) عاشق مزاج |
| 15 | قوت کا متضاد ہے۔<br>(A) موافق (B) ضُعف (C) قوی (D) طاقت |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

نہم کلاس 1st ANNUAL 2023

دمی

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

حصہ انشائیہ

روپ : دوسرا

(حصہ اوّل) DGK-2-23

کل نمبر = 60

سوال نمبر:2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔(تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) 5x2=10

(حصہ نظم تین اشعار کی تشریح)

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی | کملی میں مگن رہتا ہے اپنی گدا تیرا |
| (ب) | سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں | ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے |
| (ج) | ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ | ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے |
| (د) | ہرجا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے | قدرت کے بچھ رہے ہیں ہرجا ہرے بچھونے |

(حصہ غزل دو اشعار کی تشریح)

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | ہستی اپنی حباب کی سی ہے | یہ نمائش سراب کی سی ہے |
| (ب) | دلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے | آخر اس درد کی دوا کیا ہے |
| (ج) | عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن | دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں |

(حصہ دوم)

سوال نمبر: 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیئے۔ 5+5=10

(الف) یہی ہوگا کہ اس کے عام شوق وحشیانہ باتوں کی طرف مائل ہوتے جاویں گے۔ مزے دار کھانا اس کو پسند ہوگا ، قمار بازی اور تماش بینی کا عادی ہوگا اور یہی سب باتیں اس کے وحشی بھائیوں میں بھی ہوتی ہیں۔

(ب) ہمارے نزدیک دیہاتی ہونا ایسی ناقابل برداشت ، قباحت نہ تھی ، چنانچہ ہم نے ہنسی ہنسی میں دیہاتی پن کے فضائل بیان کرنا شروع کیے اور اس بلاغت کے ساتھ کہ سلیم اور علی بخش دونوں مسکرا دیے اور باہم راضی ہو گئے۔

سوال نمبر: 4 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 5x2=10

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنھا کون تھیں ؟ | 2 | مرزا غالب کو کونسا پھل پسند تھا اور یہ پھل اُن کو کون بھیجتا تھا ؟ |
| 3 | سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں ؟ | 4 | الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا ؟ |
| 5 | بھینس کا مشغلہ کیا ہے ؟ | 6 | اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے ؟ |
| 7 | خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے ؟ | 8 | شاعر کا قلم کیا کام کرتا ہے ؟ |

سوال نمبر: 5 درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

(الف) ہجرت نبوی ﷺ (ب) آرام وسکون

سوال نمبر: 6 نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیئے۔ 5

سوال نمبر: 7 کتابیں منگوانے کے لیے تاجرِ کتب کے نام خط لکھیئے 10

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیئے۔

سوال نمبر: 8 " عادت کی خرابی " کے عنوان پر کہانی لکھیئے۔ 5

یا

مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر: 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ 5

(i) بارش میں کپڑے، جوتے، کتابیں سب کچھ بھیگ گئے (ii) یاسمین نے کیلا کھائے (iii) میں نے گاڑی کو اس کے مالک کو دی (iv) دل نے چاہا تو سموسے ضرور کھاؤں گا (v) بچہ نے بہت رویا

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

(i) کم خواب میں ۔۔۔۔۔ (ii) بارہ برس دلی میں رہے ۔۔۔۔۔ (iii) قاضی کے گھر کے چوہے ۔۔۔۔۔ (iv) جس کی لاٹھی ۔۔۔۔۔ (v) باسی کڑھی میں ۔۔۔۔۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

نہم کلاس 12022

اردو لازمی — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا — کل نمبر=15

DGK-G1-22

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ مولانا محمد حسین آزاد پیدا ہوئے۔
(A) لکھنؤ (B) دلی (C) بنارس (D) آگرہ

2۔ کھیل کے پیچھے سارا دن دیوانہ بنا رہتا۔
(A) نصوح (B) بیدارا (C) سلیم (D) منجھلا لڑکا

3۔ کاکول اکیڈمی واقع ہے۔
(A) ایبٹ آباد (B) مظفر آباد (C) نتھیا گلی (D) گھوڑا گلی

4۔ ماسٹر جی کے بیٹھنے کے لیے منگوائی گئی۔
(A) پیڑھی (B) کرسی (C) بنچ (D) چارپائی

5۔ اللہ تعالیٰ کا اک بندہ حمد سرا ہے۔
(A) نافرماں (B) تابع دار (C) فرماں بردار (D) خدمت گار

6۔ شاعر (امیر مینائی) کے لیے باعث حرمت ہے۔
(A) خاک مکہ (B) خاک وطن (C) خاک مدینہ (D) سرمہ

7۔ استعارہ کے لغوی معنی ہیں۔
(A) اشارہ کرنا (B) اُدھار لینا (C) ادھار دینا (D) نشان دینا

8۔ لفظ " آیت " کی جمع ہے۔
(A) عایات (B) عنایتیں (C) آیات (D) عاتیوں

9۔ " ابواب " کی واحد ہے۔
(A) باب (B) بابوں (C) اباب (D) اب

10۔ " بوڑھا " کا مونث ہے۔
(A) بہو (B) بڑھی (C) بوڑھی (D) بڑھیا

11۔ " تاخیر " کا متضاد ہے۔
(A) قدیم (B) تقدیم (C) اقدیم (D) اقدام

12۔ " محبت " کا مترادف ہے۔
(A) احباب (B) محب (C) حب (D) محبوب

13۔ خاتم النبیین رسول اکرم ﷺ نے راتیں غار میں گزاریں۔
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) سات

14۔ کس نے سودا کو میر پر ترجیح دی ؟
(A) ذوق نے (B) غالب نے (C) مومن نے (D) شیفتہ نے

15۔ " آثار الصنادید " کے مصنف ہیں۔
(A) علامہ اقبال (B) میر درد (C) مرزا غالب (D) سرسید احمد خان

www.pakcity.org EDUCATION pakcity.org

نہم کلاس 12022

اردو لازمی — انشائیہ — وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ: پہلا — حصہ اول — کل نمبر = 60

DGK-G1-22

سوال نمبر ۱۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) ۱۰ = ۲×۵

## حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(الف) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا — مکاں میں بھی تو، لامکاں میں بھی تو ہے

(ب) ہرجا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہرجا ہرے بچھونے

(ج) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا

(د) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

## حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(الف) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی — پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کنجِ مزار میں

(ب) میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں — کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

(ج) آتشِ غم میں دل بھنا شاید — دیر سے بُو کباب کی سی ہے

## حصہ دوم

سوال نمبر ۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' خط کشیدہ الفاظ کے معانی سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۵+۵

(الف) اب کیا تھا والدین امتحانِ وکالت کی تیاری کے لیے سر ہو گئے گھر میں بھی ایک ذات شریف ہوں۔ ایک بڑھیا اور ایک بوڑھے کو دھوکا دینا کیا بڑی بات ہے۔ میں نے تقاضا کیا کہ علیحدہ کمرہ مل جائے تو محنت کروں۔ بال بچوں کی گڑبڑ میں مجھ سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ چند روز اسی حیلے سے ٹال دیے لیکن تا کجے ؟

(ب) شیخ جمن کو بھی اپنی عظیم الشان ذمے داری کا احساس ہوا۔ اُس نے سوچا، میں اس وقت انصاف کی اونچی مسند پر بیٹھا ہوں۔ میری آواز اس وقت حکمِ خدا ہے اور خدا کے حکم میں میری نیت کو مطلق دخل نہ ہونا چاہیے۔ حق اور راستی سے جو بھر ٹلنا بھی مجھے دنیا اور دین ہی میں سیاہ بنا دے گا۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۱۰

(1) حضرت اسماءؓ کون تھیں ؟ (2) سلیم کی ماں نے سلیم کے ساتھ نصوح کے پاس جانے سے کیوں انکار کیا ؟

(3) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے ؟ (4) سبق " امتحان " میں والد نے مصنف کو کس طرح تسلی دی ؟

(5) دہشت گردی کے خاتمے میں کن دو اداروں کا اہم کردار ہے ؟ (6) نظم "حمد" میں اللہ کا کون کس میں مگن رہتا ہے ؟

(7) اقبال کے نزدیک خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے ؟ (8) بہادر شاہ ظفر نے اپنی کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے ؟

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (ii) قدر ایاز

سوال نمبر ۶۔ نظم " نعت " کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے نیز شاعر کا نام بھی لکھیے ۵

سوال نمبر ۷۔ اپنی بہن کے نام ایک خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے ۱۰

یا پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام درخواست لکھ کر ڈاک کے ناقص انتظام کی شکایت کیجیے۔ نظام کی اصلاح کی گزارش بھی کیجیے۔

سوال نمبر ۸۔ تاریخِ پاکستان کے موضوع پر ایک استاد اور طالب علموں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۵

یا " ایسے کو تیسا " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر ۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے ۔ ۵

(i) مدثر نے قرآن پڑھا ہوگا۔ (ii) میں نے قلم خریدنا ہے۔ (iii) اکرم نے فرحان دیکھا۔

(iv) فرہاد نے کمر کو باندھا اور محنت کی۔ (v) ایک گلاس، تین پلیٹیں، سات جگ ٹوٹ گیا۔

یا درج ذیل ضرب الامثال مکمل کیجیے۔

(i) بوڑھی گھوڑی .................. (ii) حساب جو جو .................. (iii) کاٹھ کی ہانڈی ..................

(iv) ہاتھی کے دانت .................. (v) پانی میں ..................

www.pakcity.org — EDUCATION — pakcity.org

PAPER CODE - 5024

نہم کلاس 12022

اردو لازمی

حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا

کل نمبر = 15

DGK-92-22

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

1۔ شیخ جمعراتی زیادہ قائل تھے۔

(A) دعا (B) فیض (C) مجنوں (D) تازیانے

2۔ سبق " لہو اور قالین " میں دائیں ہاتھ کی انگلیوں سے کون پسینا پونچھتا ہے ؟

(A) تجمل (B) اختر (C) رؤف (D) بابا

3۔ سبق " امتحان " میں طالب علم کے دو سال ایسے گزر گئے جیسے۔

(A) پانی (B) ہوا (C) موسم (D) بارش

4۔ ہم ہر خوش گلو پرندے کو بلبل سمجھتے ہیں اس میں قصور کس کا ہے؟

(A) شاعروں (B) تہذیب (C) ادب (D) ہمارا

5۔ چشمِ دل ، آتشِ غم مرکبات ہیں مرکب کی کون سی قسم ہیں ؟

(A) مرکب توصیفی (B) مرکب اضافی (C) مرکب عطفی (D) مرکب اشاری

6۔ نظم " پیوستہ رہ شجر سے ، امیدِ بہار رکھ " میں شاخِ بریدہ کا مفہوم ہے۔

(A) خزاں کا موسم (B) کٹی ہوئی شاخ (C) درخت کی ٹہنی (D) بادل

7۔ نظم " برسات کی بہاریں " کے مطابق جنگلوں میں پیدا ہو رہے ہیں۔

(A) جانور (B) پرندے (C) درندے (D) ہرے بچھونے

8۔ " راحت " کا متضاد ہے۔

(A) عسرت (B) مسرت (C) رنج (D) خوشی

9۔ " فیض " کی جمع الجمع ہے۔

(A) فیاض (B) فیوضات (C) افاض (D) فیوض

10۔ " داستان " کا مترادف ہے۔

(A) خاص (B) عام (C) دوستانہ (D) حکایت

11۔ " فرنگی " کی مونث ہے۔

(A) فرنگن (B) فورنگن (C) فارنگی (D) افرنگن

12۔ " رئیس " کی جمع ہے۔

(A) رئیسانی (B) رؤسا (C) رواسی (D) روسیان

13۔ ان میں سے کس کا شمار اُردو کے ارکانِ خمسہ میں ہوتا ہے؟

(A) احمد ندیم قاسمی (B) سید امتیاز علی تاج (C) کرنل محمد خان (D) ڈپٹی نذیر احمد

14۔ ہجرت سے پہلے قرارداد ہو چکی تھی۔

(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ سے (B) حضرت عمرؓ سے (C) حضرت علیؓ سے (D) حضرت عثمانؓ سے

15۔ مرزا غالب کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا۔

(A) جود و سخا (B) اخلاص (C) مروت اور لحاظ (D) صبر

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

12022 کلاس نہم

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

کل نمبر = 60

اردو (لازمی)

گروپ : دوسرا

حصہ انشائیہ

حصہ اول

DGK - G2-22

سوال نمبر۲۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) =۲×۶

**حصہ نظم** (تین اشعار کی تشریح)

(الف) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور ــــ رخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے

(ب) صبا بے شک آتی مدینے سے تُو ہے ــــ کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے

(ج) پڑتے ہیں پانی ہر جا، جل تھل بنا رہے ہیں ــــ گلزار بھیگتے ہیں، سبزے نہا رہے ہیں

(د) قبضہ ہو دلوں پر کیا، اور اس سے سوا تیرا ــــ اک بندۂ نافرمان ہے حمد سرا تیرا

**حصہ غزل** (دو اشعار کی تشریح)

(الف) میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں ــــ کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

(ب) ہستی اپنی حباب کی سی ہے ــــ یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ج) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی ــــ خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

**حصہ دوم**

سوال نمبر۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' خط کشیدہ الفاظ کے معانی سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۵+۵ = ۱۰

(الف) انسان بھی شکل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اس کے دلی قوٰی کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔

(ب) آج سے دو سال پہلے میں ایک تنگ و تاریک گلی کے ایک خستہ اور بدنما مکان میں رہتا تھا۔ بہت کم لوگ مجھے جانتے تھے اور جو جانتے تھے، انھیں میرے متعلق صرف یہی معلوم تھا کہ میں ایک مفلس، قلاش اور گمنام مصور ہوں۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے ۱۰

(1) دوستوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا ؟

(2) سرسید احمد خان کے خیال میں دلی قوٰی کو بے کار چھوڑنے سے کیا ہوگا ؟

(3) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا ؟

(4) ڈراما " ہوا اور قالین " کے کرداروں کے نام لکھیے۔

(5) سبق " قدرِ ایاز " میں مصنف ہمیں کیا سبق دینا چاہتا ہے ؟

(6) نظیر اکبر آبادی نے کن کن شعرا کا زمانہ دیکھا ؟

(7) تشبیہ سے کیا مراد ہے ؟

(8) مرزا غالب کے خیال میں کون مشتاق ہے اور کون بیزار ؟

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) آرام و سکون (ii) مرزا غالب کے عادات و خصائل

سوال نمبر۶۔ نظم " برسات کی بہاریں " کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ ۵

سوال نمبر۷۔ مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ ۱۰

**یا** ہیلتھ آفیسر کے نام محلے کی صفائی کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔

سوال نمبر۸۔ " کوے کا انتقام " کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے ۵

**یا** استاد اور شاگردوں کے درمیان تاریخ پاکستان کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے ۵

(i) ہم نے حج کرنا ہے۔ (ii) راشد نے کراچی جانا ہے۔ (iii) میں نے کتاب کو پڑھی۔

(iv) اسامہ نے بچے کو اس کی ماں کو دیا۔ (v) ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔

**یا** درج ذیل ضرب الامثال مکمل کیجیے

(i) غریب کی جورو .............. (ii) فقیر کی صورت .............. (iii) گڑ سے جو مرے تو ..............

(iv) طویلے کی بلا .............. (v) گھوڑے بیچ کے ..............

www.pakcity.org
EDUCATION

(نہم کلاس 12018)

اردو لازمی ، گروپ پہلا (نیو کورس) حصہ انشائیہ

تعلیمی سیشن : 2015 - 2017 تا 2017 - 2019

## حصہ اول

۲۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے)

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ii) صبا بے شک آتی مدینے سے تو ہے
کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں
گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور
رُخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا
اندھیرے اُجالے میں رویا کیا

(vi) ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے اُمید
جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے

(vii) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی
پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کنجِ مزار میں

## حصہ دوم

۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ، خط کشیدہ الفاظ کے معانی سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے

(الف) کئی برس سے اس مُحلے میں رہتے ہیں، مگر کانوں کان خبر نہیں۔ محلّے میں کوڑیوں لڑکے بھرے پڑے ہیں، لیکن ان کو کسی سے کچھ واسطہ نہیں۔ آپس میں اُوپر تلے کے چاروں بھائی ہیں۔ نہ کبھی لڑتے، نہ کبھی جھگڑتے، نہ گالی بکتے، نہ قسم کھاتے، نہ جھوٹ بولتے۔ نہ کسی کو چھیڑتے، نہ کسی پر آوازہ کستے۔ ہمارے ہی مدرسے میں پڑھتے ہیں۔

(ب) آپ نے میری حالت کا اندازہ لگا لیا اور اس بات پر اصرار کیا کہ میں اپنے غربت کدے سے نکل کر آپ کے ہاں آ جاؤں تاکہ اطمینان کے ساتھ فن کی خدمت کر سکوں۔ آپ نے میرے لیے یہ کمرا وقف کر دیا اور مجھے زندگی کی ضروریات سے بے نیاز کر دیا۔

۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے

(1) سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟
(2) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟
(3) الگو چودھری کا فیصلہ سن کر شیخ جمن کا ردِ عمل کیا تھا؟
(4) بھینس کو کس لحاظ سے انسان سے خوش قسمت کہا جاتا ہے؟
(5) ڈرامہ لہو اور قالین کے کرداروں کے نام تحریر کیجیے۔
(6) نظم نعت میں شاعر اپنی حرمت و آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے تحریر کیجیے
(7) تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کس طرح بیان کرتے ہیں تحریر کیجیے۔
(8) مرزا غالب کی کوئی دو تصانیف کے نام لکھیے۔

۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے

(i) کاہلی (ii) لہو اور قالین

۶۔ شامل نصاب نظم " نعت " کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے

۷۔ اپنے بڑے بھائی کے نام خیریت کے لیے خط لکھیے **یا** ہیڈ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے لیے

۸۔ " نااتفاقی کا انجام" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے **یا** دو ہم جماعت کے درمیان مکالمہ لکھیے

۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے

(i) ہم نے حج کرنا ہے (ii) عثمان نے شاگرد پڑھایا (iii) سامان ، مکانات دکانیں سب کچھ جل گئے۔
(iv) ہتھیلی پر گندم جمانا (v) سعد اور ادریس دونوں آ گیا

**یا**

ضرب الامثال مکمل کیجیے

(i) بلی کے بھاگوں........ (ii) الٹے بانس........ (iii) غریب کی جورو........
(iv) ہاتھی کے دانت کھانے کے........ (v) یہاں کا باوا آدم........



www.pakcity.org

(نہم کلاس 12018)

اردو لازمی گروپ دوسرا (نیو کورس) حصہ انشائیہ وقت=2 گھنٹے 10

تعلیمی سیشن 2017 - 2015 تا 2019 - 2017 **حصہ اول** کل نمبر=60

۲۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے)

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندہ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحاب بہار سے

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

(vii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

**حصہ دوم**

۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان، خط کشیدہ الفاظ کے معانی سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے 5+5 = ۱۰

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر ﷺ آ رہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ب) جمن شیخ اور الگو چودھری میں بڑا یارانہ تھا۔ ساجھے میں کھیتی باڑی ہوتی، لین دین میں بھی کچھ ساجھا تھا۔ ایک کو دوسرے پر کامل اعتماد تھا۔ جمن جب حج کرنے گئے تھے تو اپنا گھر الگو کو سونپ گئے تھے اور الگو جب باہر جاتے تو جمن پر اپنا گھر چھوڑ دیتے۔

۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے

(1) حضرت اسماءؓ کون تھیں اور انہوں نے کیا خدمات انجام دیں؟ (2) الطاف حسین حالی کی کوئی سی دو تصانیف کے نام لکھیے۔

(3) بیدار انے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟ (4) آرام و سکون سبق کے حوالے سے ہمسایے کی کون سی حرکات میاں کے آرام میں خلل ڈالتی تھیں

(5) ڈراما لہو اور قالین میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟ (6) بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

(7) علامہ اقبالؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ (8) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

(i) ہجرت نبوی ﷺ (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور

۶۔ نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے ۵

۷۔ والدہ کے نام خط بیمار پرسی کے لیے لکھیے **یا** ہیلتھ آفیسر صاحب کے نام صفائی کی درخواست لکھیے ۱۰

۸۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے۔ **یا** دکان دار اور خریدار کے درمیان مکالمہ لکھیے ۵

۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے ۵

(i) مجھ نے غلطی کر دی۔ (ii) اس نے کمر کو باندھا اور کام شروع کر دیا (iii) دو جگ، پانچ پلیٹیں اور ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

(iv) اچھا لڑکی محنتی ہے (v) لہو لگا کر زخمیوں شامل ہونا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال مکمل کیجیے

(i) پاک رہو............ (ii) جتنی چادر دیکھیے............ (iii) ماروں گھٹنا............

(iv) گڑ سے جو مرے تو............ (v) نو سو چوہے کھا کے............

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity